ہمارا بزنس

ہم روزانہ کروڑوں لوگوں کی زندگیوں پر اپنی خدمات و مصنوعات کے ذریعے اثر انداز ہیں خواہ ایسا مختلف طرز کی صنعتوں کے صارفین کو زندگی بچانے والی طبی گیسوں کے ذریعے ہو یا اسٹیل کی تیاری میں استعمال ہونے والی گیسوں کی مدد سے، خوراک کی تیاری ہو یا ترسیل۔ ہم نکاسی آب، ماحولیاتی تحفظ اور طب سے متعلق جدید اور اچھوتے حل مہیا کرنے میں ہر دم کوشاں ہیں اور اپنے گاہکوں اور اس خطۂ زمین کیلئے جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے بہتر سے بہتر کی تلاش میں ہمہ وقت مستعد ہیں۔

LPL فخریہ طور پر پاکستان بھر میں 4000 سے زائد کسٹمرز کو خدمات پیش کرتی ہے جن میں زیادہ تر کا تعلق مختلف صنعتی سیکٹرز کی نمایاں کمپنیوں سے ہے اور پیٹروکیمیکلز، اسٹیل، دھاتیں، شیشے، کھانے پینے کی اشیاء، اختراعی صنعت، دوا سازی اور طب کے شعبوں پر محیط ہیں۔ ہم Linde Group کی بہترین آپریٹنگ پریکٹسز کو استعمال کرتے ہوئے اپنی جدید مصنوعات اور خدمات کے ذریعے اپنے کسٹمرز کو اسٹریٹیجک حل فراہم کرتے ہیں۔

LPL بزنس پورٹ فولیو اسٹریٹیجی کے حوالے سے چار حصوں میں تقسیم ہے جو کہ آن سائٹ، تھوک، پیکجڈ گیسز اینڈ پروڈکٹس (PGP) اور طبّی نگہداشت پر مشتمل ہے۔

آن سائٹ (On-site)

آن سائٹ کسٹمرز مثلاً پیٹروکیمیکلز، اسٹیل سازی اور ریفائنریز وغیرہ کو روزانہ کی پروڈکشن کیلئے بڑی مقدار میں گیس درکار ہوتی ہیں۔ LPL ایسے کسٹمرز کو پائپ لائن سپلائی اسکیم اور آن سائٹ پروڈکشن یونٹ کے ذریعے مصنوعات فراہم کرتی ہے۔ عام بزنس کی سرگرمیوں کی تکمیل کے ساتھ ہم انتظامی اور پروڈکشن کی اہلیت کو بھی یقینی بناتے ہیں تاکہ کسٹمر کی جانب سے ٹرن اراؤنڈ کی وجہ سے کسی اضافی طلب کو پورا کیا جاسکے۔

تھوک (Bulk)

تھوک کے کسٹمرز وہ ہیں جنہیں کم درجۂ حرارت والے روڈ ٹینکرز کے ذریعے مائع کی شکل میں پروڈکٹس فراہم کی جاتی ہیں اور سائٹس پر تنصیب شدہ اسٹوریج ٹینکس میں ذخیرہ کی جاتی ہیں۔ تھوک پروڈکٹس لائن میں آکسیجن، نائٹروجن، آرگن، ہائیڈروجن اور کاربن ڈائی آکسائیڈ شامل ہیں۔ LPL انڈسٹریل سیکٹرز کی ایک طویل فہرست جیسے کیمیکلز، اسٹیل، گلاس، آئل اور گیس، کھانے پینے کی اشیاء کے صارفین کو پروڈکٹس اور سلوشنز فراہم کرنے میں مستعدی سے مصروف ہے۔

پیکجڈ گیسز اینڈ پروڈکٹس (Packaged Gases and Products)

پیکجڈ گیسز اینڈ پروڈکٹس (PGP)، مصنوعات کی وسیع رینج کا احاطہ کرتی ہیں جن میں کمپریسڈ انڈسٹریل گیسز، اسپیشلٹی گیسز، ویلڈنگ کی اشیاء اور دیگر ساز و سامان شامل ہیں۔ پی جی پی کا پورٹ فولیو کوالٹی کنٹرول لیبس سے لے کر دوا ساز کمپنیوں اور شپ بریکنگ سے تعمیراتی صنعت تک متنوع ملک گیر کسٹمرز پر مشتمل ہے۔

طبّی نگہداشت (Healthcare)

LPL دہائیوں سے ملک بھر میں ہسپتالوں کا سب سے زیادہ قابل اعتماد شریک رہا ہے اور یہ اعتماد اپنی تمام تر توجہ کسٹمر کے اطمینان پر مرکوز رکھنے سے بڑی مشکل سے حاصل ہوا اور جاری ہے۔ ہمارا طبّی نگہداشت پورٹ فولیو مختلف پروڈکٹس جیسے میڈیکل آکسیجن۔ لکوئڈ اینڈ کمپریسڈ، نائٹرس آکسائیڈ، خصوصی میڈیکل مکسچرز جیسی میڈیکل گیسز اور طبی ساز و سامان جیسے کنسنٹریٹر اور فلومیٹر وغیرہ شامل ہیں۔ LPL سینٹرل میڈیکل گیسز پائپ لائن سسٹم کو ڈیزائن اس کی تنصیب اور مرمت بھی کرتی ہے۔